2021年10月21日ジャング紙ラホール版

باجوڑ
ہنگو
کیچ

ریموٹ کنٹرول دھماکا، چیک پوسٹوں پر دہشتگردوں کی فائرنگ، 6 اہلکار شہید

باجوڑ تیر بانڈگئی میں 2 پولیس، 2 ایف سی اہلکار شہید، ضلع ہنگو تھل، بلوچستان کیچ میں سپاہی محمد قیصر اور وقاص شہید

اسلام آباد، باجوڑ (وقائع نگار، نیوز ایجنسیاں) باجوڑ میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکے، ہنگو، کیچ میں سکیورٹی چیک پوسٹوں پر دہشتگردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں 6 اہلکار شہید ہوگئے، پولیس ذرائع کے مطابق بدھ کی شام ضلع باجوڑ کی تحصیل وڑ ماموند کے علاقہ تیر بانڈگئی میں پولیس فورس اور ایف سی کی گشتی گاڑی پر دھماکہ اس وقت ہوا جب وہ اس سے قبل ہونیوالے ایک اور بم دھماکہ کے تحقیقات کیلئے جارہے تھے دھماکے کے نتیجے میں پولیس ڈرائیور صمد خان، پولیس کانسٹیبل نور رحمان، ایف سی اہلکار جمشید اور مدثر شہید ہوگئے۔ واقعہ کے بعد سکیورٹی فورسز اور پولیس نے سرچ آپریشن شروع کردیا اور واقعہ کی تفتیش جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع ہنگو کے علاقہ تھل میں دہشتگردوں نے چوکی پر رات گئے فائرنگ کی۔ سکیورٹی اہلکاروں نے فوری جوابی کارروائی کی تاہم فائرنگ کے تبادلے میں مانسہرہ کے رہائشی 26 سالہ سپاہی وقاص شہید ہو گئے۔ علاقے میں کسی بھی دہشت گرد کی موجودگی کے خلاف کلیئرنس جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بلوچستان کے علاقے کیچ میں دہشت گردوں نے سکیورٹی چیک پوسٹ پر فائرنگ کردی جس کے نتیجہ میں سپاہی محمد قیصر شہید ہوگیا، پاک فوج کے جوانوں نے جوابی فائرنگ کی اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا دہشت گردوں کی تلاش جاری ہے، سابق وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے ہنگو حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مادر وطن کے دفاع کے لیے شہدا کی عظیم قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی،